گورنر KATHY HOCHUL

فوری ریلیز کے لیے: 2023/10/10

گورنر HOCHUL کا ریاستی سہولت گاہوں میں کاربن کے اخراج میں کمی کے لیے تخفیفِ کاربن میں قیادت نامی پروگرام کا اعلان

تخفیف کاربن کی کارروائی ایجنسی کی کاربن کے اخراج میں کمی پر رہنمائی کی منصوبہ بندی کی رہی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج تخفیفِ کاربن میں قیادت (Decarbonization Leadership) نامی پروگرام کا اعلان کیا ہے جو نیویارک پاور اتھارٹی کے زیرِانتظام تخفیفِ کاربن اور برق کاری کے لیے ایک اقدام ہے جس میں ریاست میں سب سے زیادہ کاربن کا اخراج کرنے والی سہولت گاہوں کے حوالے سے توانائی و اخراج کی پروفائلز تیار کرنا اور تخفیف کاربن کے لیے کارروائیوں کی منصوبہ بندی کرنا شامل ہے، یہ سہولت گاہوں میں بہتری کے لیے ریاستی ایجنسیز کی ایسی رہنمائی کرے گا جو ریاست میں نافذ قومی قیادت کرنے والے آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے کاربن کے اخراج میں کمی کا باعث ہو گا۔

"2040 تک اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کے حصول کے لیے، ہم مثال قائم کرتے ہوئے آگے بڑھ رہے ہیں اور دوسروں کے پیروی کرنے کے لیے ایک معیار طے کر رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "پاور اتھارٹی کا تخفیف کاربن میں قیادت نامی پروگرام، نیو یارک کے سرکاری اداروں کو اپنی اخراجی پروفائلز کا بغور جائزہ لینے اور اخراج میں کمی کے لیے عملی کارروائی کی منصوبہ بندی کے قابل کرے گا۔ یہ ادارے آب و ہوا کے لیے کارروائیوں کی قیادت اور ماحول کی نگرانی کے ذریعے سے نیو یارک کی آنے والی نسلوں کے لیے ایک صاف مستقبل کو تشکیل دیں گے۔"

نیو یارک کے سال 2024-2023 کے لیے نافذ شدہ بجٹ کے حصے کے طور پر، نیو یارک پاور اتھارٹی (New York Power Authority، NYPA) کو سب سے زیادہ اخراج کرنے والی 15 ریاستی سہولت گاہوں کے لیے تخفیف کاربن کے عملی منصوبے کی تیاری کے لیے اختیار اور حکم دیا گیا تھا۔ ان سہولت گاہوں کو چلانے والی ایجنسیز کی جانب سے کارروائی کے منصوبوں میں شامل تجاویز کو نافذ کرنے کے ساتھ ہی ساتھ، ہم ماحول دوست تعمیراتی شعبے کی جانب پیش رفت کے لیے رفتار پکڑ لیں گے۔ مستقبل میں تخفیفِ کاربن کے منصوبے ماحول دوست توانائی کے شعبوں میں نوکریاں تخلیق کریں گے اور ان میں جدید نئی ٹیکنالوجیز شامل ہوں گی، جیسا کہ تھرمل انرجی نیٹ ورکس جو کہ متعدد عمارتوں کو کاربن سے پاک توانائی کے وسائل سے منسلک کریں گے۔

نیو یارک پاور اتھارٹی کے صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا کہ، "نیو یارک پاور اتھارٹی، ہماری ریاست میں موجود کاربن کے سب سے زیادہ اخراج کرنے والی کچھ سہولت گاہوں میں کارروائیوں کی قیادت کرنے والوں کے ساتھ تسلسل کے ساتھ کام کرے گی تاکہ تخفیف کاربن کے لیے کارروائیوں کی منصوبہ بندی کی جا سکے جو کہ تخفیف کاربن کے منصوبوں کے بارے میں آگاہ اور اس کے نفاذ کے قابل کرے گی۔ ماحول دوست توانائی کے حامل مستقبل کے حصول کے لیے نیو یارک کا عزم عمل کا تقاضہ کرتا ہے اور پاور اتھارٹی کو فخر ہے کہ ہم اپنی منفرد سرکار صارف شراکت داریوں کے ذریعے سے نیو یارک کے جرات مندانہ آب و ہوا کے اہداف کی جانب پیش قدمی میں مدد کر رہے ہیں۔"

پاور اتھارٹی کاربن میں تخفیف کے لیے نئے اقدام پر سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک (City University of New York، CUNY)، محکمہ برائے اصلاحات و کمیونٹی کی نگرانی (Department of Corrections and Community Supervision، DOCCS)، دفتر برائے ذہنی صحت (Office of Mental Health، OMH)، دفتر برائے عمومی خدمات (Office of General Services، OGS) اور اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک (State University of New York، SUNY) کے ہمراہ شراکت داری کر رہا ہے۔

مندرجہ ذیل ریاستی سہولت گاہوں کے لیے وسیع پیمانے پر تخفیفِ کاربن کی کوششوں کے لیے فعال منصوبہ بندی کی جا رہی ہے:

- امپائر اسٹیٹ پلازہ
- ڈبلیو ایوریل ہیریمین اسٹیٹ آفس بلڈنگ کیمپس
- اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک بمقام البانی
- اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک بمقام بنگہمٹن
- اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک بمقام بفلو
- اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک بمقام پوٹسڈیم
- اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک بمقام اوسویگو
- اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک بمقام اسٹونی بروک
- بفلو اسٹیٹ یونیورسٹی
- بروکلین کالج
- سٹی کالج آف نیویارک
- ہنٹر کالج
- ایٹیکا اصلاحی سہولت گاہ
- پلگرم نفسیاتی مرکز
- راکلینڈ نفسیاتی مرکز

تخفیفِ کاربن میں قیادت پروگرام ریاستی اداروں کو تخفیفِ کاربن کی کارروائیوں کے لیے ایسے منصوبوں کی تیاری کے قابل کرے گا جو کہ تخفیف کاربن اور برق کاری کے اثرانگیز منصوبوں کا باعث بنیں گے۔

NYPA ریاست اور مقامی سرکاری اداروں کو توانائی کی ٹیکنالوجی اور قابلِ تجدید توانائی کی خدمات کا ایک وسیع سلسلہ پہلے سے ہی فراہم کر رہا ہے جس میں توانائی کے آڈٹس، پروجیکٹ انجینیئرنگ، ڈیزائن، تنصیب، اور تعمیراتی انتظامات شامل ہیں۔ NYPA کی جانب سے صارفین پر نافذ کیے گئے توانائی کے موثر استعمال کے کچھ پروجیکٹس میں زیادہ موثر لائٹنگ کی تنصیبات، خود کار طور پر جلنے بجھنے والے اور بیٹری کی مدد سے جلنے بجھنے والے لائٹنگ سنسرز، عمارت اور توانائی کے انتظامی نظام، بوائلرز، چلرز، ایئر ہینڈلنگ سسٹمز، تھرمل اسٹوریج، مائیکروگرڈز، سولر فوٹو وولٹیک سسٹمز، ڈائیجیسٹر گیس سسٹمز اور ابھرتی ہوئی توانائی کی ٹیکنالوجیز شامل ہیں۔ NYPA اپنے صارفین سے مکمل وصولی کے ساتھ مالی تعاون فراہم کرتا ہے۔

پاور اتھارٹی کے ماحول دوست توانائی کے منصوبوں اور سرکاری صارفین کے لیے خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے NYPA کی ویب سائٹ پر موجود پراڈکٹس اور خدمات کے ویب پیجز ملاحظہ کریں۔

ریاستِ نیو یارک کا محکمہ برائے اصلاحات و کمیونٹی کی نگرانی کے عبوری کمشنر Daniel F. Martuscello III نے کہا کہ، "آب و ہوا میں تبدیلی کے اثرات دور رس ہیں اور ان کے ان افراد پر منفرد اثرات پڑتے ہیں جو کہ نیو یارک کی اصلاحی سہولت گاہوں میں رہتے اور ان میں کام کرتے ہیں۔ DOCCS تخفیفِ کاربن کی قیادت پروگرام کا حصہ بننے اور ریاستی عمارتوں میں ماحول دوست توانائی کے لیے معیار کے قیام میں اپنے کردار پر فخر محسوس کر رہا ہے۔ ریاستِ نیو یارک کے آب و ہوا کے منصوبے کے لیے گورنر Hochul کے عزم پر میں انہیں سراہتا ہوں اور ایٹیکا اصلاحی سہولت گاہ میں کاربن کے اخراج میں کمی کے لیے NYPA کے ہمراہ کام کرنے کا منتظر ہوں۔"

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے ذہنی صحت کی کمشنر ڈاکٹر Ann Sullivan نے کہا، "ریاست میں کاربن کے اخراج میں کمی کی خاطر NYPA اور دیگر ریاستی ایجنسیوں کے ساتھ شمولیت پر OMH کو فخر ہے۔ ہمارے توانائی کے موثر استعمال کے جامع پروگرام (Comprehensive Energy Efficiency Program) کے ذریعے، OMH گرمائش اور ٹھنڈک کے موثر نظام، LED اپ گریڈز، فیول سیل کی تنصیب اور ہمارے نفسیاتی مراکز میں بطور ایندھن استعمال ہونے والے تیل کی جگہ زیادہ موثر قدرتی گیس کی جانب منتقلی کے ذریعے توانائی کے استعمال اور کاربن کے اخراج میں ڈرامائی کمی لا چکا ہے۔ ہم نیو یارک میں توانائی کے اخراجات اور اس کے ساتھ ساتھ گرین ہاؤس گیسوں کی پیداوار میں مزید کمی کے لیے ریاستی شراکت داروں کے ہمراہ کام کرنے کے منتظر ہیں،"

ریاستِ نیو یارک کے دفتر برائے عمومی خدمات کی کمشنر Jeanette Moy نے کہا کہ، "امپائر اسٹیٹ پلازہ اور ڈبلیو ایوریل ہیریمین اسٹیٹ آفس بلڈنگ کیمپس، دفتر برائے عمومی خدمات (Office of General Services، OGS) کے زیرِ انتظام دو سب سے بڑی عمارتیں اور ریاستِ نیو یارک میں کاربن کا اخراج کرنے والی دو سب سے بڑی سہولت گاہیں ہیں۔ گورنر Hochul کی قیادت میں، OGS نے اصل املاک کے انتظام سمیت اپنے تمام آپریشنز میں پائیداری کے انضمام کو ترجیح دی ہے۔ گزشتہ کئی سالوں سے، OGS نے نیو یارک پاور اتھارٹی کے ہمراہ نہایت قریب سے کام کیا ہے تاکہ ہمارے پورٹ فولیو میں توانائی کی بچت کرنے والے منصوبوں کا نفاذ کیا جا سکے جن میں لائٹنگ کے نظام کی LED میں تبدیلی اور ایک الیکٹرک چلر کی تنصیب شامل ہے۔ ہم کاربن کے اخراج میں مزید کمی اور نیو یارک کے تمام باشندگان کے لیے ایک صاف تر اور زیادہ صحت مند ماحول تخلیق کرنے کے لیے منصوبہ بندی کر رہے ہیں، اور ایسے میں ہم گورنر Hochul کے تخفیفِ کاربن میں قیادت پروگرام کے ذریعے سے اس شراکت داری کو مزید مضبوط کرنے کے منتظر ہیں۔"

CUNY کے چانسلر Félix V. Matos Rodríguez نے کہا کہ،"CUNY کے کیمپسز کی توانائی اور کاربن کے اخراج کی پروفائلز پر غور و فکر کے ذریعے، ہم اپنے وقت کے اہم ترین اور نازک ترین مسئلے سے نمٹنے میں مدد دیں گے۔ CUNY تخفیفِ کاربن میں قیادت پروگرام میں شرکت پر مسرور ہے جو کہ ماحول پر ہماری عمارتوں کے اثرات میں کمی لانے کے لیے بامعنی اقدامات اٹھائے گا۔ ہم گورنر Hochul کی قیادت کے لیے ان کے شکر گزار ہیں اور اس ضروری پیش رفت پر NYPA کے ہمراہ کام کرنے کے منتظر ہیں۔"

SUNY کے چانسلر John B. King, Jr. نے کہا کہ، "ہمارے تدریسی عملے کی جانب سے پڑھائے جانے والے کورسز سے لے کر ہمارے لیکچر ہالز کو گرم و سرد کرنے والے جیوتھرمل کنوؤں تک، آب و ہوا میں تبدیلی کے اثرات میں تخفیف کے لیے SUNY کی توجہ چہار سو احاطہ کرتی ہے، اور ہم نے گورنر Hochul اور قانون ساز اسمبلی کی جانب سے سرمایہ کاریوں سے فائدہ اٹھایا ہے تاکہ SUNY کی جانب سے وسیع پیمانے پر ہونے والے کاربن کے اخراج میں کمی کی جا سکے۔ انتقال توانائی کے ہمارے عمل کو تیز رفتار بنانے کی خاطر، کاربن میں تخفیف کے لیے نئی پیش رفت پر NYPA کے ہمراہ شراکت داری پر SUNY کے نظام اور ہمارے کیمپسز کو فخر ہے۔"

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ
ریاست نیویارک کا قومی سطح کا ماحولیاتی ایجنڈا ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کرتا ہے جو خاندانوں کے لیے پائیداری والی ملازمتیں پیدا کرتا ہے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دیتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، صاف ستھری توانائی کی سرمایہ کاری کے فوائد کا، کم از کم 35 فیصد حصہ، پسماندہ کمیونٹیز کو دیا جائے۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے نیویارک 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ اس منتقلی کا ایک سنگِ بنیاد نیو یارک کی صاف توانائی پر بیمثال سرمایہ کاری ہے، بشمول ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیلی منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین سے زیادہ، صاف نقل و حمل کی پہل کاریوں، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں 1.8$ بلین سے زیادہ۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سنہ 2021 میں نیویارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165،000 سے زیادہ ملازمتوں کی مد و معاونت کر رہی ہیں اور سنہ 2011 کے بعد تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 2،100 فیصد اضافے کا سبب بھی بن رہی ہیں۔ گرین

ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے کاربن کے صفر اخراج والی گاڑیوں کے ضوابط کو بھی اپنایا ہے، بشمول سنہ 2035 تک ریاست میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور ٹرکوں کا اخراج صفر ہونا چاہیے۔ تقریباً 400 رجسٹرڈ اور 100 مصدقہ موسمیاتی سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور پوری ریاست میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں ہوا کی نگرانی کرنے والی ریاست کی سب سے بڑی کمیونٹی پہل کاریوں کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف حاصل کرنے میں مدد مل سکے۔

NYPA کے بارے میں

NYPA ملک میں کسی ریاست کا بجلی کا سب سے بڑا ادارہ ہے، جو 16 پیداواری تنصیبات اور 1,400 سرکٹ میل سے زائد ترسیلی لائنیں چلاتا ہے۔ NYPA جو بجلی پیدا کرتا ہے اس کا 80 فیصد سے زیادہ صاف قابلِ تجدید پن بجلی ہے۔ NYPA اپنے آپریشنز کے لیے بونڈز کی فروخت اور بجلی کی فروخت سے بڑے پیمانے پر حاصل ہونے والے ریونیوز کے ذریعے سرمایہ کاری کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے www.nypa.gov کا دورہ کریں حاصل کریں اور ہمیں Tumblr, Instagram, Facebook, Twitter اور LinkedIn پر فالو کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں